An ignorant person might think that some ordinary people occasionally see true dreams too. For example, some people dream that a baby girl or a baby boy is born in a particular household and the same happens, or they dream of someone's death and the person does in fact die, or see other small events in their dreams and they come true. I have already addressed this scepticism that these phenomena are of little significance nor do they depend on any piety. Even many wicked and immoral people see such dreams regarding themselves or others. But true secrets of the unseen are only revealed to God's special servants. Their dreams and revelations differ from those of ordinary people in four ways: **First,** the majority of that which is revealed to them is extremely clear and very rarely ambiguous; the case with others is quite the opposite. **Second,** they experience true dreams and revelations so copiously that to compare them with other people would be akin to comparing the wealth of an emperor and a beggar. **Third,** the Signs shown at their hands are so magnificent that no one can match them. **Fourth,** their Signs attest to their acceptance by the Divine and the love and succour of the True Beloved. It is quite evident that, through these Signs, He wishes to reveal to the world how honoured and close to Him those chosen ones are, and to inspire people's hearts with their dignified status.

However, those who do not have a perfect connection with God lack such things. On the contrary, the truth of some of their dreams or revelations is a trial for them, for it creates arrogance in their hearts and they are ruined by arrogance. They begin to oppose the root that nourishes the branch: O ye the branch! Granted that you are green and

that you bear flower and fruit, but do not sever yourself from the root, or you will dry up and you will be deprived of all blessings because you are only a part and not the whole. Whatever you have is not yours but is the grace bestowed by the root.[1☆]

Now, under the dictate of the verse:

وَ اَمَّا بِنِعۡمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثۡ .[2]

I would like to state about myself that by placing me in the third of the aforementioned categories, God Almighty has granted me the blessing which is not on account of my endeavour but was bestowed upon me even as I was in the womb of my mother. He has shown so many Signs in my support that if I were to count them one by one up to this day, 16 July 1906, I can declare in the name of God Almighty that they are in excess of **300,000.** And if someone does not believe in my sworn statement, I can provide him with proof.

---

1. ☆ It is also worth remembering that when a Prophet or Messenger is appointed from heaven, a light descends from heaven corresponding to the grade of the talents, as a blessing of that Prophet, and a dispersion of spirituality takes place. At such a time everyone advances in experience of dreams and those gifted with the capacity for revelations experience revelations, and minds become more perceptive of the spiritual truths too. Just as, when it rains, every part of the land receives its due share, the same happens when spring arrives with the advent of a Prophet. The Prophet is, indeed, the source of all those blessings and he is the door to all the revelations and dreams people experience, for the world is transformed by his advent and a light descends for all from heaven and everyone partakes of in accordance with his capacity. This light becomes the source of all dreams and revelations. The ignorant think that this is due to their own skill, when in fact that spring of revelations and dreams is opened up for the world only due to the blessing of that prophet. His time is the 'night of decree' during which the angels descend, as Allah says تَنَزَّلُ الۡمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوۡحُ فِيۡهَا بِاِذۡنِ رَبِّهِمۡ ۚ مِنۡ كُلِّ اَمۡرٍ سَلٰمٌ ['Therein descend angels and the Spirit with their Lord's decree concerning every matter, it is all peace.' (*Sūrah al-Qadr,* 97:5–6)]. This has been the law of nature, ever since God created the earth. (Author)
2. And the bounty of your Lord, proclaim (*Sūrah aḍ-Ḍuḥā*, 93:12). [Publisher]

Some of these Signs are to do with occasions when God Almighty, in keeping with His promise, protected me from the evil of the enemy. Some of the Signs are such that, in keeping with His promise, He fulfilled my needs and expectations at every occasion. And some are of the kind whereby He humiliated and disgraced those who attacked me, in keeping with His promise:

اِنِّیْ مُھِیْنٌ مَّنْ اَرَادَ اِھَانَتَکَ

[I shall humiliate him who designs to humiliate you.]

Some Signs are of the kind in which, according to His prophecies, He made me victorious over those who filed lawsuits against me. Some Signs are of the kind that pertain to the length of my ministry for, ever since the world was created, no impostor has ever been allowed such a long period of respite. Some Signs are of the kind that become evident by observing the condition of the age—that this age is in need of an Imam (spiritual head). Some Signs are of the kind which represent the fulfilment of my prayers in favour of my friends. Some Signs are of the kind which represent the effects of my prayer upon malicious enemies. Some Signs are of the kind in which precariously ill patients were cured due to my prayer and their recovery was foretold.

Some Signs are of the nature whereby, for my sake and for my veracity, God caused a number of heavenly and earthly calamities to appear. Some Signs are of the sort wherein many eminent people, who were from among the luminaries and ascetics, saw, in my attestation, dreams, and saw the Holy Prophet[sa]. Among them are *Sajjādah Nashīn* [the inheritor of a spiritual endowment] *Ṣāḥibul-'Ālam* of Sindh, who had nearly 100,000 followers, and Khwājah Ghulām Farīd of Chachran.

Some Signs are such that thousands of people pledged *bai'at* at my hand only because they were informed through dreams of my truthfulness and of my being from God; while some others did so because they saw the Holy Prophet[sa] in a dream, and he told them that the end of the world is near and that this man is the **last *Khalīfah* of God and the Promised Messiah.** Some Signs relate to certain eminent

people who mentioned me by name even before my birth, or before I came of age, and spoke about my being the Promised Messiah. Among these are Niʻmatullāh Walī and Miyāń Gulāb Shāh of Jamālpūr, District Ludhiana.

Some Signs are such that their scope extends to the people of all nations and all lands and all ages—namely the series of prayer duels, many manifestations of which have been witnessed by the world.[1☆] After observing a fair number, I have for my part ended the call for *mubāhalahs,* but everyone who considers me to be a liar, deceitful, or an impostor, and rejects my claim of being the Promised Messiah, and regards the revelation vouchsafed to me by God Almighty as my fabrication, whether he is a Muslim, Hindu, Āryah or follower of any other religion, he is, of course, at liberty to publish a written *mubāhalah* against me on his own accord. He should announce it in some newspapers, taking oath in the name of God Almighty, that: I am fully convinced that this man (here he should write my name explicitly), who claims to be the Promised Messiah, is indeed a liar and that these revelations, some of which he has written in this book, are not the words of God but are all his fabrication. And I consider him with full conviction, on the basis of my profound insight and comprehensive consideration, to be an impostor, liar, and *dajjāl* [deceiver]. Thus O God Almighty, if in Your estimation this person is true and not a liar, impostor, disbeliever, and faithless, then may You, on account of my rejecting him and insulting him, send down some severe chastisement upon me, otherwise may You chastise him, *Āmīn*.

This method of seeking a fresh Sign is open to everyone. And I

1. ☆ It would be enough for a fair-minded person to read what Maulawī Ghulām Dastagīr Qasūrī wrote in his book; how he entered into a prayer duel with me in his own way and announced it in his treatise *Faiḍ-e-Raḥmānī;* and how he met his end only a few days later. There is also the case of Charāgh Dīn of Jammu who entered into a prayer duel with me in his own way and prayed that may God bring death upon whoever of us was a liar. He died of plague only a few days later along with both of his sons. (Author)

declare that if, after this prayer of *mubāhalah* that should be publicly announced and published in at least three well-known newspapers, such a person, who engages in this *mubāhalah* under oath and with this stipulation, should escape heavenly chastisement, everyone will have the right to conclude that I am not from God. No period needs to be fixed in this *mubāhalah*. The only condition would be that such an event should take place that affects the hearts.

I will now record some of the revelations from God along with their translation.[1☆] The purpose of writing them is that anyone who wants to enter into a *mubāhalah* with me should clearly reproduce all of these revelations of mine in the body of his *mubāhalah* article (that should be published) and stipulate in the published declaration that all of these revelations are human fabrications and not the Word of God. Also he ought to specify that he has studied these revelations with diligence and that he swears by God that this is human fabrication, i.e. this is fabrication of this man and he has not received any revelation from God, the Exalted. Here 'Abdul-Ḥakīm Khān, Assistant Surgeon, Patiala, who revoked his pledge of allegiance to me and turned apostate is specifically addressed.

Now I will write those revelations as examples **as follows:**

1. ☆ The arrangement of these revelations is varied on account of repetition because these sentences of the revelation from Allah have been revealed to me with different sequences at different occasions. Some sentences have been revealed to me perhaps 100 or even more times. Therefore their reading is not uniform it may continue to vary in future. It is the practice of God that His Holy Word is revealed piecemeal and flows on the tongue and springs forth from the heart. God then arranges these varied pieces Himself, sometimes placing the first piece at the end. It is His essential practice that all those sentences are not placed in a specific sequence. They are read in various ways as far as the sequence is concerned. Also, when a revelation is repeated, some of its words differ somewhat from the previous revelation. This practice is unique to God; He alone knows His secrets. (Author)

﴿۶۶﴾

شاید ایک نادان خیال کرے کہ بعض عام لوگوں کو کبھی کبھی سچی خوابیں آ جاتی ہیں۔ بعض مرد یا عورتیں دیکھتے ہیں کہ کسی کے گھر میں لڑکی یا لڑکا پیدا ہوا تو وہی پیدا ہو جاتا ہے اور بعض کو دیکھتے ہیں کہ وہ مر گیا تو وہ مر بھی جاتا ہے یا بعض ایسے ہی چھوٹے چھوٹے واقعات دیکھ لیتے ہیں تو وہ ایسے ہی ہو جاتے ہیں۔ تو میں اِس وسوسہ کا پہلے ہی جواب دے آیا ہوں کہ ایسے واقعات کچھ چیز ہی نہیں ہیں اور نہ کسی نیک بختی کی اِن میں شرط ہے۔ بہت سے خبیث طبع اور بدمعاش بھی ایسی خوابیں اپنے لئے یا کسی اور کے لئے دیکھ لیتے ہیں لیکن وہ امور جو خاص طور

کے غیب ہیں وہ خدا تعالیٰ کے خاص بندوں سے مخصوص ہیں۔ وہ لوگ عام لوگوں کی خوابوں اور الہاموں سے چار طور کا امتیاز رکھتے ہیں۔ **ایک** یہ کہ اکثر اُن کے مکاشفات نہایت صاف ہوتے ہیں اور شاذ و نادر مشتبہ ہوتا ہے مگر دوسرے لوگوں کے مکاشفات اکثر مکدر اور مشتبہ ہوتے ہیں اور شاذ و نادر کوئی صاف ہوتا ہے۔ **دوسرے** یہ کہ وہ عام لوگوں کی نسبت اِس قدر کثیر الوقوع ہوتے ہیں کہ اگر مقابلہ کیا جائے تو وہ مقابلہ ایسا فرق رکھتا ہے جیسا کہ ایک بادشاہ اور ایک گدا کے مال کا مقابلہ کیا جائے۔ **تیسرے** اُن سے ایسے عظیم الشان نشان ظاہر ہوتے ہیں کہ کوئی دوسرا شخص اُن کی نظیر پیش نہیں کر سکتا۔ **چوتھے** اُن کے نشانوں میں قبولیت کے نمونے اور علامتیں پائی جاتی ہیں اور محبوب حقیقی کی محبت اور نصرت کے آثار اُن میں نمودار ہوتے ہیں اور صریح دکھائی دیتا ہے کہ وہ ان نشانوں کے ذریعہ سے اُن مقبولوں کی عزت اور قربت کو دنیا پر ظاہر کرنا چاہتا ہے اور اُن کی وجاہت دلوں میں بٹھانا چاہتا ہے مگر جن کا خدا سے کامل تعلق نہیں اُن میں یہ بات پائی نہیں جاتی بلکہ ان کی بعض خوابوں یا الہاموں ﴿۶۷﴾ کی سچائی اُن کے لئے ایک بلا ہوتی ہے کیونکہ اِس سے ان کے دلوں میں تکبر پیدا ہوتا ہے اور تکبر سے وہ مرتے ہیں اور اُس جڑھ سے مخالفت پیدا کرتے ہیں جو شاخ کی سرسبزی کا موجب ہوتی ہے۔ اے شاخ یہ مانا کہ تو سرسبز ہے اور یہ بھی قبول کیا کہ تجھے پھول اور پھل آتے ہیں مگر جڑھ سے الگ مت ہو کہ اِس سے تو خشک ہو جائے گی اور تمام برکتوں سے محروم کی جائے گی کیونکہ تو جزو ہے کل نہیں ہے اور جو کچھ تجھ میں ہے وہ تیرا نہیں بلکہ وہ سب جڑھ کا فیضان ہے۔☆

☆ یہ نکتہ بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ جب آسمان سے مقرر ہو کر ایک نبی یا رسول آتا ہے تو اُس نبی کی برکت سے عام طور پر ایک نور حسب مراتب استعدادات آسمان سے نازل ہوتا ہے اور انتشار روحانیت ظہور میں آتا ہے تب ہر ایک شخص خوابوں کے دیکھنے میں ترقی کرتا ہے اور الہام کی استعداد رکھنے والے الہام پاتے ہیں اور روحانی امور میں عقلیں بھی تیز ہو جاتی ہیں کیونکہ جیسا کہ جب بارش ہوتی ہے ہر ایک زمین کچھ نہ کچھ اس سے حصہ لیتی ہے ایسا ہی اُس وقت ہوتا ہے جب رسول کے بھیجنے سے بہار کا زمانہ آتا ہے تب اُن ساری برکتوں کا موجب دراصل وہ رسول ہوتا ہے اور جس قدر لوگوں کو خوابیں یا الہام ہوتے ہیں دراصل اُن کے کھلنے کا دروازہ وہ رسول ہی ہوتا ہے کیونکہ اس کے ساتھ دنیا میں ایک تبدیلی واقع ہوتی ہے اور آسمان سے عام طور پر ایک روشنی اُترتی ہے جس سے ہر ایک شخص حسب استعداد حصہ لیتا ہے وہی روشنی خواب اور الہام کا موجب ہو جاتی ہے اور نادان خیال کرتا ہے کہ میرے ہنر سے ایسا ہوا ہے مگر وہ چشمہ الہام اور خواب کا صرف اس نبی کی برکت سے دنیا پر کھولا جاتا ہے اور اُس کا زمانہ ایک لیلۃ القدر کا زمانہ ہوتا ہے جس میں فرشتے اُترتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ سَلٰمٌ [1] جب سے خدا نے دنیا پیدا کی ہے یہی قانون قدرت ہے۔منہ

[1] القدر:۵،۶

اب میں بموجب آیۃ کریمہ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ [1] اپنی نسبت بیان کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ نے مجھے اُس تیسرے درجہ میں داخل کر کے وہ نعمت بخشی ہے کہ جو میری کوشش سے نہیں بلکہ شکمِ مادر میں ہی مجھے عطا کی گئی ہے میری تائید میں اُس نے وہ نشان ظاہر فرمائے ہیں کہ آج کی تاریخ سے جو ۱۶؍جولائی ۱۹۰۶ء ہے۔ اگر میں اُن کو فرداً فرداً شمار کروں تو میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہہ سکتا ہوں کہ وہ تین لاکھ سے بھی زیادہ ہیں اور اگر کوئی میری قسم کا اعتبار نہ کرے تو میں اُس کو ثبوت دے سکتا ہوں۔ بعض نشان اِس قسم کے ہیں جن میں خدا تعالیٰ نے ہر ایک محل پر اپنے وعدہ کے موافق مجھ کو دشمنوں کے شرّ سے محفوظ رکھا۔ اور بعض نشان اِس قسم کے ہیں جن میں ہر محل میں اپنے وعدہ کے موافق میری ضرورتیں اور حاجتیں اُس نے پوری کیں اور بعض نشان اِس قسم کے ہیں جن میں اُس نے بموجب اپنے وعدہ اِنِّیْ مُهِیْنٌ مَنْ اَرَادَ اِهَانَتَکَ کے میرے پر حملہ کرنے والوں کو ذلیل اور رسوا کیا اور بعض نشان اِس قسم کے ہیں جو مجھ پر مقدمات دائر کرنے والوں پر اُس نے اپنی پیشگوئیوں کے مطابق مجھ کو فتح دی اور بعض نشان اِس قسم کے ہیں جو میری مدت بعث سے پیدا ہوتے ہیں کیونکہ جب سے دنیا پیدا ہوئی ہے یہ مدت دراز کسی کاذب کو نصیب نہیں ہوئی اور بعض نشان زمانہ کی حالت دیکھنے سے پیدا ہوتے ہیں یعنی یہ کہ زمانہ کسی امام کے پیدا ہونے کی ضرورت تسلیم کرتا ہے اور بعض نشان اِس قسم کے ہیں جن میں دوستوں کے حق میں میری دعائیں منظور ہوئیں اور بعض نشان اِس قسم کے ہیں جو شریر دشمنوں پر میری بد دعا کا اثر ہوا اور بعض نشان اِس قسم کے ہیں جو میری دعا سے بعض خطرناک بیماروں نے شفا پائی اور اُن کی شفا کی پہلے خبر دی گئی۔ اور بعض نشان اِس قسم کے ہیں جو میرے لئے اور میری تصدیق کے لئے عام طور پر خدا نے حوادث ارضی یا سماوی ظاہر کئے اور بعض نشان اس قسم کے ہیں جو میری تصدیق کے لئے بڑے بڑے ممتاز لوگوں کو جو مشاہیر فقراء میں سے تھے خوابیں آئیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا جیسے سجادہ نشین صاحب العلم سندھ جن کے مرید ایک لاکھ کے قریب تھے اور جیسے خواجہ غلام فرید صاحب چاچڑاں والے اور بعض ﴿۶۸﴾

[1] الضحٰی:۱۲

نشان اِس قسم کے ہیں کہ ہزار ہا انسانوں نے محض اِس وجہ سے میری بیعت کی کہ خواب میں اُن کو بتلایا گیا کہ یہ سچا ہے اور خدا کی طرف سے ہے اور بعض نے اِس وجہ سے بیعت کی کہ آنحضرت کو خواب میں دیکھا اور آپ نے فرمایا کہ دنیا ختم ہونے کو ہے اور یہ خدا کا **آخری خلیفہ اور مسیح موعود** ہے۔ اور بعض نشان اِس قسم کے ہیں جو بعض اکابر نے میری پیدائش یا بلوغ سے پہلے میرا نام لے کر میرے مسیح موعود ہونے کی خبر دی جیسے نعمت اللہ ولی اور میاں گلاب شاہ ساکن جمالپور ضلع لدھیانہ اور بعض نشان اِس قسم کے ہیں جن کا دامن ہر ایک قوم کے مقابل پر اور ہر ایک ملک تک اور ہر ایک زمانہ تک وسیع چلا گیا ہے اور وہ سلسلہ مباہلات ہے جس کے بہت سے نمونے دنیا نے دیکھ لئے☆ ہیں اور میں کافی مقدار دیکھنے کے بعد مباہلہ کی رسم کو اپنی طرف سے ختم کر چکا ہوں لیکن ہر ایک جو مجھے کذاب سمجھتا ہے اور ایک مکار اور مفتری خیال کرتا ہے اور میرے دعویٰ مسیح موعود کے بارہ میں میرا مکذب ہے اور جو کچھ مجھے خدا تعالیٰ کی طرف سے وحی ہوئی اُس کو میرا افترا خیال کرتا ہے۔ وہ خواہ مسلمان کہلاتا ہو یا ہندو یا آریہ یا کسی اور مذہب کا پابند ہو۔ اُس کو بہرحال اختیار ہے کہ اپنے طور پر مجھے مقابل پر رکھ کر تحریری مباہلہ شائع کرے یعنی خدا تعالیٰ کے سامنے یہ اقرار چند اخباروں میں شائع کرے کہ میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مجھے یہ بصیرت کامل طور پر حاصل ہے کہ یہ شخص (اس جگہ تصریح سے میرا نام لکھے) جو مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کرتا ہے درحقیقت کذاب ہے اور یہ الہام جن میں سے بعض اُس نے اس کتاب میں لکھے ہیں یہ خدا کا کلام نہیں ہے بلکہ سب اُس کا افترا ہے اور میں اُس کو درحقیقت اپنی کامل ﴿۶۹﴾ بصیرت اور کامل غور کے بعد اور یقین کامل کے ساتھ مفتری اور کذاب اور دجال سمجھتا ہوں۔ پس

☆ ہر ایک منصف مولوی غلام دستگیر قصوری کی کتاب کو دیکھ کر سمجھ سکتا ہے کہ کس طرح اُس نے اپنے طور پر میرے ساتھ مباہلہ کیا اور اپنی کتاب فیض رحمانی ٭ میں اس کو شائع کر دیا اور پھر اس مباہلہ سے صرف چند روز بعد فوت ہو گیا اور کس طرح چراغ دین جموں والے نے اپنے طور سے مباہلہ کیا اور لکھا کہ ہم دونوں میں سے جھوٹے کو خدا ہلاک کرے۔ اور پھر اس سے صرف چند روز بعد طاعون سے مع اپنے دونوں لڑکوں کے ہلاک ہو گیا۔ منه

٭ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’فتح رحمانی‘‘ ہونا چاہیے۔ (ناشر)

اے خدائے قادر اگر تیرے نزدیک یہ شخص صادق ہے اور کذاب اور مفتری اور کافر اور بے دین نہیں ہے تو میرے پر اس تکذیب اور توہین کی وجہ سے کوئی عذاب شدید نازل کر ورنہ اُس کو عذاب میں مبتلا کر۔ آمین

ہر ایک کے لئے کوئی تازہ نشان طلب کرنے کے لئے یہ دروازہ کھلا ہے اور میں اقرار کرتا ہوں کہ اگر اس دعائے مباہلہ کے بعد جس کو عام طور پر مشتہر کرنا ہوگا اور کم سے کم تین نامی اخباروں میں درج کرنا ہوگا ایسا شخص جو اس تصریح کے ساتھ قسم کھا کر مباہلہ کرے اور آسمانی عذاب سے محفوظ رہے تو پھر میں خدا کی طرف سے نہیں ہوں۔ اس مباہلہ میں کسی میعاد کی ضرورت نہیں۔ یہ شرط ہے کہ کوئی ایسا امر نازل ہو جس کو دل محسوس کر لیں۔

اب چند الہامِ الٰہی ذیل میں مع ترجمہ لکھے جاتے ہیں☆ جن کے لکھنے سے غرض یہ ہے کہ ایسے مباہلہ کرنے والے کے لئے یہ ضروری ہوگا کہ وہ خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر ان تمام میرے الہامات کو اپنے اس مضمون مباہلہ میں (جس کو شائع کرے) لکھے اور ساتھ ہی یہ اقرار بھی شائع کرے کہ یہ تمام الہامات انسان کا افترا ہے خدا کا کلام نہیں ہے اور یہ بھی لکھے کہ ان تمام الہامات کو میں نے غور سے دیکھ لیا ہے۔ میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ یہ انسان کا افترا ہے یعنی اِس شخص کا افترا ہے اور اس پر کوئی الہام خدا تعالیٰ کی طرف سے نازل نہیں ہوا بالخصوص عبدالحکیم خان نام ایک شخص جو اسسٹنٹ سرجن پٹیالہ ہے جو بیعت توڑ کر مرتد ہو گیا ہے خاص طور پر اِس جگہ مخاطب ہے۔

اب ہم وہ الہامات بطور نمونہ ذیل میں لکھتے ہیں اور وہ یہ ہیں:

☆ اِن الہامات کی ترتیب بوجہ بار بار کی تکرار کے مختلف ہے کیونکہ یہ فقرے وحی الٰہی کے کبھی کسی ترتیب سے کبھی کسی ترتیب سے مجھ پر نازل ہوئے ہیں اور بعض فقرے ایسے ہیں کہ شائد سَو سَو دفعہ یا اس سے بھی زیادہ دفعہ نازل ہوئے ہیں پس اس وجہ سے ان کی قراءت ایک ترتیب سے نہیں اور شائد آئندہ بھی یہ ترتیب محفوظ نہ رہے کیونکہ عادت اللہ اسی طرح سے واقع ہے کہ اس کی پاک وحی ٹکڑے ٹکڑے ہو کر زبان پر جاری ہوتی اور دل سے جوش مارتی ہے۔ پھر خدا تعالیٰ ان متفرق ٹکڑوں کی ترتیب آپ کرتا ہے اور کبھی ترتیب کے وقت پہلے ٹکڑہ کو عبارت کے پیچھے لگا دیتا ہے اور یہ ضروری سنت ہے کہ وہ تمام فقرے کسی ایک ہی خاص ترتیب پر نہیں رکھے جاتے بلکہ ترتیب کے لحاظ سے ان کی قراءت مختلف طور پر کی جاتی ہے اور بعض فقرے مکرر وحی میں پہلے الفاظ سے کچھ بدلائے جاتے ہیں۔ یہ عادت صرف خدا تعالیٰ کی خاص ہے وہ اپنے اسرار بہتر جانتا ہے۔ منہ